AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 جمعۃ المبارک 25 رمضان المبارک 1445ھ 5 اپریل 2024ء 23 چیت 2079ب شمارہ نمبر 290

ورلڈ بینک کا پاکستان سے بجلی اور گیس کی قیمت میں اضافے، پینشن اصلاحات کا مطالبہ

پنشن اصلاحات کے منصوبے کو تیار کرکے اسے نافذ کرنے کے لیے ابتدائی اقدامات کیے جائیں تاکہ طویل مدت کے لئے مالی استحکام کو یقینی بنایا جاسکے، سیکٹر کے معاوضے کو معقول بنانے کے لیے ابتدائی اقدامات بھی کیے جائیں

بجلی اور گیس سیکٹر میں نرخوں کے حوالے سے اصلاحات کو رسدی لاگت کے ساتھ منسلک رکھا جائے تاکہ بجلی اور گیس کے شعبے میں بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کو محدود کیا جاسکے اور غریبوں کو سماجی تحفظ فراہم کیا جاسکے، ورلڈ بینک

کراچی (این این آئی) ورلڈ بینک نے پاکستان سے بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافے اور پنشن اصلاحات کا مطالبہ کردیا۔ ورلڈ بینک نے پاکستان ڈویلپمنٹ اپڈیٹ میں پنشن اصلاحات پر وفاقی اور صوبائی پبلک سیکٹر کی پنشن سے پیدا ہونے والے مالی بوجھ کو کم کرنے کے لئے فوری طور پر اصلاحات متعارف کروانے کا مطالبہ کیا ہے عالمی بینک نے کہا ہے کہ پنشن اصلاحات کے منصوبے کو تیار کرکے اسے نافذ کرنے کے لیے ابتدائی اقدامات کیے جائیں تاکہ طویل مدت کے لئے مالی استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔ پبلک سیکٹر کے معاوضے کو معقول بنانے کے لیے اصلاحاتی منصوبے کے تحت ابتدائی اقدامات بھی کیے جائیں۔ بجلی اور گیس سیکٹر میں نرخوں کے حوالے سے اصلاحات کو رسدی لاگت کے ساتھ منسلک رکھا جائے تاکہ بجلی اور گیس کے شعبے میں (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ملک ظہیر اقبال چنڑ

مہم کا بنیادی مقصد لوگوں کو زیادہ سے زیادہ درخت لگانے کی ترغیب دینا ہے، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے گورنمنٹ صادق ڈین ہائی سکول بہاولپور میں شجرکاری مہم کا آغاز کردیا۔ ملک ظہیر اقبال چنڑ نے موسم بہار کی شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا کر ملکی سلامتی و استحکام کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کا سامنا ہے۔ شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ پاکستان (بقیہ نمبر 2)

مہنگائی میں بتدریج کمی ہو رہی ہے، وزیر اعظم

معاشی ترقی، غربت اور بیروزگاری میں کمی لانے کیلئے دن رات کام کرنا ہوگا، آئی ایم ایف سے رواں ماہ سٹینڈ بائی معاہدے کی 1.1 ارب ڈالر کی آخری قسط موصول ہو جائیگی، معاشی استحکام کیلئے آئی ایم ایف کا ایک اور پروگرام ضروری ہے

ججز کے خط پر سپریم کورٹ ازخود کارروائی کر رہی ہے، خطوط میں موصول ہونے والے مشکوک پاؤڈر کے معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، اس معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، حکومت پوری ذمہ داری سے تحقیقات کرائے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ججز کے خط پر سپریم کورٹ ازخود کارروائی کر رہی ہے، خطوط میں موصول ہونے والے مشکوک پاؤڈر کے معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، اس معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، حکومت پوری ذمہ داری سے تحقیقات (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف زرداری سے چیف آف دی ایئر سٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد ملاقات کر رہے ہیں

ججز کو دھمکی آمیز خطوط ایک ہی جگہ سے موصول، تفتیش مختلف پہلوؤں سے جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کو موصول دھمکی آمیز خطوط کی تفتیش اسلام آباد پولیس (بقیہ نمبر 7)

امریکی سفارتخانے کے وفد کی اڈیالہ جیل میں مجرم ظاہر جعفر سے ملاقات

امریکی سفارت خانہ کے 3 رکنی وفد کی مجرم ظاہر جعفر سے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ روم میں ملاقات کروائی گئی

راولپنڈی (این این آئی) امریکی سفارت خانہ کے 3 رکنی وفد نے اڈیالہ جیل میں نور مقدم کو قتل کرنے کے جرم میں قید ظاہر جعفر سے ملاقات کی۔ اسلام اباد میں امریکی سفارت خانہ کے عملے نے اڈیالہ جیل کا دورہ کیا، امریکی سفارتی خانہ کے وفد کو مجرم ظاہر جعفر تک قونصلر رسائی دی گئی۔ امریکی (بقیہ نمبر 8)

حکومت پائیدار ترقی کیلئے اختراعی منصوبے لا رہی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

پنجاب بھر میں 600 سڑکوں کی تعمیر و مرمت، 5 ایکسپریس ویز اور 3 موٹر ویز بنائیں گے، شاہ غلام قادر سے ملاقات میں گفتگو

صدر ن لیگ آزاد کشمیر نے مریم نواز کو وزیراعلی پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے ملاقات کی۔ صدر مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر نے مریم نواز کو وزیراعلی پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (بقیہ نمبر 3)

شعبہ سیمنٹ، سگریٹ میں ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم مکمل فعال نہ ہونے پر تحقیقاتی کمیٹی قائم

کراچی (این این آئی) سگریٹ، سیمنٹ، شوگر اور کھاد کے شعبوں میں ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم مکمل فعال نہ ہونے پر وزیر اعظم نے پانچ (بقیہ نمبر 5)

پاکستان، آذربائیجان کے درمیان تجارت کے مزید دروازے کھلیں گے، جام کمال

تجارت سے متعلق مسائل کو حل کرکے اس کو حقیقی صلاحیت تک بڑھانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدے طے پانے سے تجارت کے مزید دروازے کھلیں گے۔ وزارت تجارت سے جمعرات کو جاری اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر تجارت (بقیہ نمبر 4)

وفاقی کابینہ نے نیشنل کمیشن برائے اسٹیٹس آف ویمن کے ممبران کی تعیناتی دیدی

سابق نیول چیف امجد خان نیازی کو 'کنگ عبدالعزیز میڈل بیج آف آنر آف ایکسیلنٹ کلاس ایوارڈ' حکومت ملائیشیا کی جانب سے 'درجہ کیپہلو نان انگاٹن تینترہ' وصول کرنے کی اجازت

نیشنل کمیشن برائے چائلڈ ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ، نیشنل چائلڈ پروٹیکشن سینٹر کو ختم کرنے اور امپلی میٹیشن آف نیشنل لائن آف ایکشن فار چلڈرن کو ختم کرنے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے نیشنل کمیشن برائے اسٹیٹس آف ویمن کے ممبران کی تعیناتی، سابق چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کو سعودی حکومت کی جانب سے 'کنگ عبدالعزیز میڈل بیج آف آنر آف ایکسیلنٹ کلاس ایوارڈ اور حکومت ملائیشیا کی جانب سے 'درجہ کیپہلو نان انگاٹن تینترہ' وصول کرنے کی اجازت، نیشنل کمیشن برائے چائلڈ ویلفیئر اینڈ ڈویلپمنٹ، نیشنل چائلڈ پروٹیکشن سینٹر کو ختم کرنے اور امپلی میٹیشن آف نیشنل لائن آف ایکشن فار چلڈرن کو ختم کرنے کی منظوری دیدی ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مہنگائی میں بتدریج کمی ہو رہی ہے جو خوش آئند ہے، آئی ایم ایف پروگرام معیشت کی بحالی کیلئے ناگزیر ہے، ایف بی آر کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے ماہرین کی تعیناتی اسی ماہ ہو جائیگی، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی نجکاری کے حوالے سے ٹائم لائنز پر (بقیہ نمبر 9)

پاکستان دہشتگرد تنظیم ٹی ٹی پی کیساتھ کسی قسم کے مذاکرات نہیں کر رہا، ترجمان دفتر خارجہ

بشام واقعہ پر قانون نافذ کرنیوالے ادارے تحقیقات کر رہے، جونہی مکمل ہوجائیں گی میڈیا کو آگاہ کریں گے، پاکستان اور ایران نے تمام باہمی رابطہ چینلز کو بحال کرلیا

پاکستان ہر سال فلسطین پر قراردادیں جمع کراتا ہے، اسرائیل کو عالمی عدالت انصاف کے احکامات سے روگردانی پر زیر احتساب لایا جائے، ممتاز زہرہ بلوچ کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان دہشتگرد تنظیم تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ کسی قسم کے مذاکرات نہیں کر رہا، بشام واقعہ پر قانون نافذ کرنے والے ادارے تحقیقات کر رہے ہیں، جونہی تحقیقات مکمل ہو جائیں گی میڈیا کو آگاہ کریں گے، پاکستان اور ایران نے تمام باہمی رابطہ چینلز کو بحال کرلیا ہے، ابھی ایران کے صدر کے دورے کے حوالے سے حتمی تاریخ نہیں دے سکتے، ایرانی صدر کے جلد دورے کی توقع ہے، پاکستان ہر سال فلسطین پر قراردادیں جمع کراتا ہے، اسرائیل کو عالمی عدالت انصاف کے احکامات سے روگردانی پر زیر احتساب لایا جائے، پاکستان جموں وکشمیر کے مسئلے کا حل کشمیری عوام کی خواہشات واقوام متحدہ قراردادوں کے مطابق چاہتا ہے۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم افغان انتظامیہ سے توقع کرتے ہیں کہ (بقیہ نمبر 12)

اوکاڑہ، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اوکاڑہ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

نہم جماعت کے امتحانی عملے کیلئے سروس کارڈ پہننا لازمی قرار

لاہور (این این آئی) چیئرمین لاہور بورڈ محمد علی رندھاوا نے نہم جماعت کے امتحانی (بقیہ نمبر 13)

فی تولہ سونے کی قیمت 2200 روپے کے اضافہ

کراچی (این این آئی) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں بڑا اضافہ ریکار (بقیہ نمبر 14)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کے الیکٹرک سمیت پانچ کمپنیوں پر جرمانہ عائد

کے الیکٹرک سمیت بجلی کی تقسیم کار کمپنیاں صارفین کو بجلی فراہم کرنے میں ناکام رہیں

کراچی (این این آئی) موسم گرما میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے معاملے میں نیپرا نے کے الیکٹرک سمیت بجلی کی تقسیم کار پانچ کمپنیوں پر 25 کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بجلی کی تقسیم کار پانچ کمپنیوں پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کرنے کا الزام ثابت ہوگیا، کے (بقیہ نمبر 10)

افغان مفاہمتی عمل میں برطانیہ کی کوششوں کو سراہتے ہیں، وزیر دفاع

خواجہ آصف سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف سے برطانوی ہائی کمشنر محترمہ جین میریٹ نے اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ وزیر دفاع نے کہا (بقیہ نمبر 11)

موجودہ حالات میں میری خاموشی زیادہ اہم ہے، شیخ رشید

میں ہار گیا اور الیکشن میں نے تسلیم بھی کرلیا جو جیتتے ہیں ان سے پوچھیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں میری خاموشی زیادہ اہم ہے۔ ڈسٹرکٹ کورٹ اسلام آباد (بقیہ نمبر 15)

لاہور، وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کر رہے ہیں

طویل جدوجہد کے بعد ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، عطا تارڑ

بہت لمبا سفر طے کیا، نتیجے میں روپیہ مستحکم ہوا، معیشت بہتر ہوئی، جب جب سیاسی استحکام آتا ہے تو اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان دیکھنے کو آتا ہے

مریم نواز پنجاب میں بہترین انداز میں اپنا کام کر رہی ہیں، ہمیں چیلنجز سے نمٹنے کے لئے حکمت عملی تشکیل دینا ہوگی، وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ طویل جدوجہد کے بعد ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے، ہم نے بہت لمبا سفر طے کیا ہے جس کے نتیجے میں روپیہ مستحکم ہوا، معیشت بہتر ہوئی، جب جب سیاسی استحکام آتا ہے تو اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان دیکھنے کو آتا ہے، یہ تمام چیزیں ملک کیلئے بہت اچھی ہیں، نجکاری کے ذریعے ریونیو موصول ہوگا، ان تمام مثبت رجحانات کو آگے لے کر چلیں گے تو ترقی ہوگی، شرح (بقیہ نمبر 28)

سائفر گم کرنا ثابت ہو جائے تب بھی دو سال سے زائد سزا نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

ون سی، ون ڈی دونوں میں تو سزا نہیں ہو سکتی، چیف جسٹس، ون سی اور ون ڈی سے متعلق اعظم خان کے علاوہ کوئی ثبوت ان کے پاس نہیں، بیرسٹر سلمان صفدر

اعظم خان کا بیان نکال دیں تو سپردگی کا کوئی گواہ نہیں، کس قانون میں ہے کہ سائفر ایک سال کے اندر واپس کرنا ہوتا ہے؟ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ سائفر کیس میں سیکشن ون سی (لاپروائی) یا ون ڈی (جان بوجھ کر) دونوں میں بیک وقت سزا نہیں دی جا سکتی فرض کریں الزام درست ہے تب بھی دو سال سے زائد سزا نہیں جا سکتی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس کی سماعت کی۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر اور ایف آئی اے اسپیشل پراسیکیوٹر حامد علی شاہ بھی (بقیہ نمبر 27)

پاکستان، ایران کے درمیان تعاون کا فروغ وقت کا اہم تقاضا ہے، ایاز صادق

پارلیمانی روابط کے ذریعہ دونوں ممالک پائیدار دوستی اور تمام شعبوں میں تعاون کو فروغ دے سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت اور اقتصادی تعاون کا فروغ وقت کا اہم تقاضا ہے، پارلیمانی (بقیہ نمبر 26)

فرنس آئل کی فروخت میں 9 ماہ کے دوران 53 فیصد کمی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں فرنس آئل کی فروخت میں جاری مالی سال کے (بقیہ نمبر 25)

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کیخلاف متفرق درخواست پر جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں (بقیہ نمبر 24)

این اے 81 سے ن لیگ کے رہنما اظہر قیوم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے گوجرانوالہ کے قومی اسمبلی کے (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، عیدالفطر کی آمد کے موقع پر راجہ بازار میں خواتین کی بڑی تعداد خریداری میں مصروف ہے

اسلام آباد، رکن قومی اسمبلی طارق فضل چوہدری کا افطار ڈنر کے موقع پر گروپ فوٹو

اسلام آباد ہائیکورٹ کا شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم

ہم نے مارچ میں ہی شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکالنے کی سفارش کر دی تھی، نیب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی سابق رہنما شیریں مزاری کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) سے نکالنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس (بقیہ نمبر 16)

کامران ٹیسوری گورنری بچانے میں ناکام، طاقت کے ایوانوں میں حمایت ختم

نئے گورنر کی تلاش کا عمل مکمل، صوبہ سندھ میں نیا گورنر عیدالفطر کے فوری بعد چارج سنبھال لے گا

کراچی (این این آئی) صوبہ سندھ میں نئے گورنر کی تلاش کا عمل تقریباً مکمل کرلیا ہے اور توقع ہے کہ نیا گورنر عیدالفطر کے فوری بعد عہدے کا چارج سنبھال لے گا۔ اس حوالے (بقیہ نمبر 17)

قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو وطن پرست راہنما تھے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو وطن (بقیہ نمبر 19)

حقیقی آزادی مارچ، عمران خان، شیخ رشید کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے حقیقی آزادی مارچ کے دوران توڑ پھوڑ کے مقدمات (بقیہ نمبر 18)

5 لاکھ 27 ہزار 359 افغان باشندے وطن واپس چلے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان (بقیہ نمبر 29)

اتر پردیش، ہندوتوا غنڈوں نے مسلمان دکاندار کو پیٹ پیٹ کر قتل کردیا

لکھنؤ (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش میں ہندوتوا غنڈوں نے ایک مسلمان دکاندار کو پیٹ پیٹ کر قتل کردیا۔ کشمیر میڈیا سروس (بقیہ نمبر 31)

ملک ریاض کی منجمد اثاثے بحال کرنے کی درخواست پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت نے 190 ملین پاؤنڈز اسکینڈل کیس میں پراپرٹی ٹائیکون ملک ریاض اور ان (بقیہ نمبر 32)

عمران خان، بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کارروائی کے ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) بانی تحریک انصاف عمران خان کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے میں درخواست ضمانت پر سماعت معزز جج کی عدم دستیابی کے باعث بغیر کارروائی کے ملتوی (بقیہ نمبر 33)

ججز معاملہ! وقت گزر گیا شارٹ کٹ نہیں فل کورٹ بنایا جائے، برجیس طاہر

6 سینئر ججز کی اداروں پر بدگمانی سوچی سمجھی سازش کا شاخسانہ ہے، سابق وزیر امور کشمیر کی میڈیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) سابق وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری برجیس طاہر نے کہا ہے کہ 6 سینئر ججز صاحبان کی اداروں پر بدگمانی سوچی سمجھی سازش کا شاخسانہ ہے، ججز صاحبان کے خط پر کبھی کمیشن، ازخود نوٹس اور کبھی 7 رکنی بینچ قبول نہیں ہے، اب وقت گزر چکا (بقیہ نمبر 30)

ایبٹ آباد، شہری مطالبات کے حق میں بچوں کے ہمراہ مظاہرہ کر رہے ہیں

یوتھ لون پروگرام کا دائرہ کار وسیع کرنے جا رہے ہیں، رانا مشہود

بہت سے چیلنجز کا سامنا، شہباز شریف نے ہمیشہ چارٹر آف اکنامی کی بات کی، پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کی خبریں آنا شروع ہوگئیں

پاکستان نے آگے جانا ہے تو تین سیکٹرز آئی ٹی، زراعت اور صلاحیت کی تربیت ہمیں فوری طور پر فائدہ دے سکتے ہیں، چیئرمین یوتھ لون پروگرام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ لون پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے کہا ہے کہ ہم یوتھ لون پروگرام کا دائرہ کار وسیع کرنے جا رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا ویژن ہے کہ آئی ٹی انڈسٹری کو بھی 15 سے 25 ارب ڈالر کی انڈسٹری بنائیں۔ رانا مشہود نے کہا ہے، کہ ملک کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے ہمیشہ چارٹر آف اکنامی کی بات کی ہے، پاکستان میں بیرونی سرمایہ (بقیہ نمبر 22)

رانا تنویر نے وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی کا اضافی چارج بھی سنبھال لیا

حکومت زرعی شعبے کی ترقی اور پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کیلئے پرعزم ہے، وفاقی وزیر صنعت و پیداوار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی کا اضافی چارج بھی سنبھال لیا، وفاقی سیکرٹری نیشنل فوڈ کیپٹن ریٹائرڈ محمد آصف اور سینئر (بقیہ نمبر 20)

غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں پرویز الٰہی پر فرد جرم کی کارروائی مکمل نہ ہو سکی

دوران سماعت اڈیالہ جیل حکام کی جانب سے پرویز الٰہی کا میڈیکل سرٹیفکیٹ عدالت میں پیش کیا گیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر غیر قانونی بھرتیوں کے کیس میں فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی مکمل نہ کی جا سکی۔ اینٹی کرپشن عدالت کے جج ارشد حسین نے چوہدری پرویز الٰہی کے خلاف غیر قانونی بھرتیوں کے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت اڈیالہ جیل (بقیہ نمبر 34)

گیس چوری کریک ڈاؤن، مزید 34 کنکشن منقطع لاکھوں کے جرمانے عائد

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 گھریلو کنکشن منقطع، ایک ایف آئی آر درج

لاہور (بزنس رپورٹر) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 34 گیس کنکشن (بقیہ نمبر 21)

لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق کی قیادت میں لاہور ٹیکس بار اور پاکستان ٹیکس بار کے وفد کا چیف کمشنر سعدیہ صدف گیلانی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

لاہور، ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری سنٹرل پولیس آفس میں انسپکٹر پروموٹ ہونیوالے افسران کو نئے رینک لگا رہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
لاہور
مسافت
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی گفتگو

چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز کے خط پر سپریم کورٹ کے ازخود نوٹس پر سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ عدلیہ کی خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، ہوسکتا ہے آئندہ سماعت پر فل کورٹ تشکیل دے دیں، اب ایک نیا کام شروع ہوگیا ہے، وکیل ہمیں کہتے ہیں ازخود نوٹس لیں، سو موٹو کا کہنے والے وکلا کو وکالت چھوڑ دینی چاہیے، ہائی کورٹ ججز کے خط کے کئی پہلو ہیں، توہین عدالت کی کارروائی کا اختیار ہائی کورٹ کو آئین نے دیا، جس عدالت کی توہین ہورہی ہے کارروائی بھی وہی کرسکتی ہے، کسی کو بے عزت کرنا ہمارا کام نہیں، پارلیمان، صدر اور حکومت سب کی عزت کرتے ہیں بدلے میں بھی احترام چاہتے ہیں، اس وقت سپریم کورٹ میں 7 ججز ہی موجود تھے، یہ بھی سوال اٹھا 7 ججز بیٹھے ہیں فل کورٹ کیوں نہیں بیٹھا؟ تو جتنے ججز اسلام آباد میں دستیاب تھے وہ یہاں موجود ہیں، دوسرے شہروں میں جانے والے ججز عید کے بعد دستیاب ہوں گے۔ بدھ کو چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 7 رکنی لارجر بینچ نے مقدمے کی سماعت کی، بینچ میں جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ خان آفریدی، جسٹس جمال خان مندوخیل جسٹس اطہر من اللہ، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان شامل تھے۔ سماعت کے آغاز پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز نے عدالتی امور میں مداخلت سے متعلق خط لکھا تھا، سماعت کا آغاز کیسے کریں؟ پہلے پریس ریلیز پڑھ لیتے ہیں۔ اس پر وکیل حامد خان نے کہا کہ ہم نے اس کیس میں فریق بننے کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اب وہ زمانے گئے کہ چیف جسٹس کی مرضی ہوتی تھی، ہم نے کیسز فکس کرنے کیلئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے، ہم دنیا والوں پر انگلیاں اٹھاتے ہیں مگر ہمیں خود پر انگلی اٹھانی چاہیے، میں کسی پر انگلی نہیں اٹھا رہا، دوسروں پر انگلی اٹھانے سے بہتر خود کو دیکھنا چاہیے

بعدالت جناب بشریٰ راشد صاحبہ فیملی جج سرگودھا

سامیہ ذوالفقار وغیرہ بنام محمد رضوان دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع اشتہار بنام: محمد رضوان ولد محمد اسلم قوم وڑائچ ساکن چک نمبر 96 شمالی تحصیل و ضلع سرگودھا۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل بذریعہ سمن سے گریزاں ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 16-04-2024 بتقرر کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عنوان درخواست۔ آفتاب احمد ولد محمد بوٹا ساکن فتیانہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ (سائل) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی عذر یا شکایت نسبت درخواست عنوان بالا ہو تو وہ بتقرر 16-04-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عنوان درخواست۔ صغریٰ بی بی زوجہ محمد شفیع قوم ڈوگر ساکن ڈھگ ڈاکخانہ محمدی پور تحصیل چونیاں ضلع قصور (سائلہ) بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ عوام الناس میں سے اگر کسی کو کوئی عذر یا شکایت نسبت درخواست عنوان بالا ہو تو وہ بتقرر 25-03-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

وراثتی انتقال بابت اراضی واقع چک نمبر 705 گ ب تحصیل کمالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مشتاق احمد ولد عبدالعزیز قوم گوجر وفات پا چکا ہے۔ جس کے وارثان میں عبدالعزیز والد متوفی (پہلے فوت شد) رحیم بی بی والدہ متوفی (پہلے فوت شد) غلام فاطمہ زوجہ متوفی (پہلے فوت شد) اشفاق احمد، محمد شہباز، کاشف علی، وقاص علی پسران متوفی (زندگان) فوزیہ مشتاق ، صوفیہ بی بی ، رمشاء مشتاق ، دختران متوفی (زندگان) ظاہر کیے گئے ہیں اگر کسی کو وراثتی انتقال متوفی مشتاق احمد کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی میں بمعہ ثبوت پیش ہوں بصورت دیگر وراثتی انتقال بحق وارثان متوفی مشتاق احمد تصدیق کردیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

عاق نامہ

میں اپنے لے پالک بچوں ناظم ولد محمد صدیق، پروین اختر دختر محمد صدیق کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتی ہوں۔ ناظم اور پروین اختر نے میرے خاوند کے نام سے اپنے شناختی کارڈ بھی بنوا رکھے ہیں۔ آئندہ میں ان کے کسی قول و فعل ،لین دین کی ذمہ دار نہ ہونگی۔ اور نہ ہی ان کے کسی مقدمہ فوجداری، دیوانی، فیملی کی ذمہ دار ہونگی۔ بلکہ پروین اختر اور ناظم اپنے قول و فعل و سرگرمی کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: سکینہ بی بی زوجہ صدیق محمد ذات بھٹی ساکن چک نمبر 187 گ ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

گمشدگی کاغذات

میرے ملکیہ موٹر سائیکل CD-70 جس کا انجن نمبر E262789 چیسز نمبر GH890399 برنگ سرخ 70CC کا لیٹر محلہ شہزاد نگر بہاولنگر حدود تھانہ سٹی بی ڈویژن بہاولنگر میں گم ہوگیا ہے۔ ملنے پر درج ذیل پتہ پر ارسال کریں۔ المشتہر: طارق محمود ولد نظام الدین ذات ملک سکنہ گلی نمبر 10 محلہ شہزاد نگر بہاولنگر تحصیل و ضلع بہاولنگر۔

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ نمبری EB1886651 مورخہ 29-1-2017 کو علاقہ منگھیر شریف میں گر کر گم ہوگیا ہے۔ ملنے پر درج ذیل پتہ پر ارسال کریں۔ المشتہر: محمد آصف ولد فلک شیر قوم جھیڈ و سکنہ منشی والا کھوہ شہر فرید چشتیاں۔

بعدالت جناب چیئرمین صاحب ثالثی / مصالحتی کونسل میونسپل کمیٹی الہ آباد تحصیل چونیاں ضلع قصور۔

عنوان جاری کیے جانے موثر سرٹیفکیٹ طلاق خلع۔ توشیبہ تحسین دختر نیامت علی قوم بھٹی ساکن محلہ اسلام پورہ وارڈ نمبر 7 الہ آباد ٹھینگ جٹاں تحصیل چونیاں ضلع قصور (فریق اول) بنام فہد رفیق ولد محمد رفیق ناصر قوم بھٹی ساکن بھیڑ سوڈیاں ڈاکخانہ تلونڈی تحصیل چونیاں ضلع قصور (فریق دوئم) ہرگاہ فریق دوئم کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کے خلاف درخواست بابت موثر کیے جانے طلاق خلع زیر دستخطی کے روبرو گزاری ہے، جس میں آپ کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا مگر آپ حاضر نہ آئے ہیں لہذا آپ بتقرر 16-04-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً روبرو زیر دستخطی حاضر آ کر پیروی کریں ۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب جج فیملی کورٹ / گارڈین جج گجرات

درخواست گارڈین زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ برائے تقرری گارڈین

درخواست برائے اجازت فروختگی جائیداد و طلبی مثل

عنوان: فرزانہ کریم بیوہ محمد کریم اسلم ساکن محلہ کھوکھراں جلالپور جٹاں تحصیل و ضلع گجرات بنام عوام الناس

اشتہار بنام: عوام الناس

ہرگاہ سائلہ نے نابالغان کی جائیداد کی فروختگی کی اجازت کے لیئے درخواست عدالت ہذا میں گذاری ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 08-04-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب حافظ محمد جہانگیر صاحب نائب تحصیلدار قصور تصدیق انتقال وراثت موضع بھیڈیاں عثمانوالہ قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی نیاز احمد ولد نظام دین ھے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع بھیڈیاں عثمانوالہ تحصیل و ضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد نظام دین۔ والدہ فتح بی بی دونوں پہلے فوت شدہ۔ ثریا بی بی بیوہ زندہ۔ صدام حسین۔ عمران نیاز پسران متوفی (زندہ)۔ صغراں بی بی۔ عذرا پروین۔ معافیہ نیاز۔ فرح نیاز۔ منزہ نیاز دختران متوفی زندہ ہیں اسکیعلاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کرسکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

گیس سلنڈر کی ری فلنگ ایک سنگین جرم ہے، کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی

Comm Sargodha
DC Mianwali
BHAKKAR
KHUSHAB
DC Bhakkar

سرگودھا(بیوروچیف) کمشنر سرگودھا ڈویژن محمد اجمل بھٹی نے کہا ہے کہ گیس سلنڈر کی ری فلنگ ایک سنگین جرم ہے جس کی روک تھام کے لیے اوگرا نے انتظامی افسران کو مکمل اختیارات دے رکھے ہیں ۔افسران ان اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے بلاتفریق کارروائیاں یقینی بنائیں۔ چاروں ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں گیس ری فلنگ کرنے والی دکانوں کا آڈٹ کروائیں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ وہ جمعرات کے روز اپنے دفتر کے کانفرنس ہال میں ایک اجلاس سے خطاب کرر ہے تھے۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں سمیت پولیس ،سول ڈیفنس ، انڈسٹریز ، ریسکیو 1122 اور ایل پی جی ایسوسی ایشن کے چیئرمین نے بھی شرکت کی ۔ کمشنر نے چاروں اضلاع میں معیاری و غیر معیاری سلنڈرز کی چیکنگ کے لیے سول ڈیفنس فیلڈ سٹاف کو جدید آلات فراہم کرنے کے لیے ہنگامی اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس غیر قانونی کاروبار کی روک تھام کے لیئے گاہے گاہے سیمینار کروانے کے علاوہ فائر فائٹنگ ٹریننگ کروانے کے ضرورت پر بھی زور دیا۔ کمشنر کا کہنا تھا کہ انسانی جان سے زیادہ قیمتی کوئی چیز نہیں، صرف اوگرا کے ایس او پیز کے مطابق سلنڈرز کی خرید و فروخت کی اجازت ہے۔ اس ضمن میں ایل پی جی ایسوسی ایشن اپنا فعال کردار ادا کرتے ہوئے غیر معیاری سلنڈرز کی ری فلنگ اور خرید و فروخت کرنے والے عناصر کی نشاندہی کرے تا کہ انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں نے گیس سلنڈروں کی ری فلنگ کے خلاف اب تک کی کارروائی کی رپورٹ بھی پیش کیں۔

ایل ڈبلیو ایم سی آپریشن ٹیمیں لاہور کے مضافاتی علاقوں میں متحرک،

گزشتہ 24 گھنٹے میں نشتر ٹاؤن اور واہگہ ٹاؤن کے 39 اوپن پلاٹس کو کلیئر کر دیا گیا

لاہور(سٹاف رپورٹر سے) حکومت پنجاب کے مشن ستھرا پنجاب کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی لاہور کے مضافاتی علاقوں میں متحرک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران نواحی علاقوں میں 39 بڑے اوپن پلاٹس کو ہیوی مشینری کی مدد سے کلیئر کیا گیا۔ سی ای او بابر صاحب دین کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہر ہر گلی محلے کو زیرو ویسٹ کیا جا رہا ہے جبکہ دیہی یونین کونسلز میں لوڈرز اور ٹریکٹر ٹرالیز کی مدد سے خصوصی اوپن پلاٹس کی کلیئرنس ایکٹیویٹی کا سلسلہ بھی تیزی سے جاری ہے گزشتہ 24 گھنٹے میں ایل ڈبلیو ایم سی کی آپریشن ٹیموں نے 4400 ٹن کچرا لکھوڈیر لینڈ فل سائٹ تک پہنچایا۔ ترجمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے مطابق عمر ٹاؤن، نشتر ٹاؤن، شاداب کالونی، کاہنہ، گجومتہ میں اوپن پلاٹس کی کلیئرنس کا سلسلہ جاری ہے جبکہ واہگہ ٹاؤن، جلو پنڈ، تاج گڑھ، ہانڈو میں صفائی ٹیمیں تعینات ہیں۔ مزید برآں ایل ڈبلیو ایم سی افسران اور آپریشن ٹیمیں تینوں شفٹوں میں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ تمام ٹاؤن منیجرز کو فیلڈ میں خود موجود رہ کر صفائی آپریشن کی نگرانی کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ لاہوریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی نے شہریوں سے بھی گزارش کی ہے کہ کچرا اور عمارتی ملبہ اوپن پلاٹس میں پھینکنے سے گریز کریں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

سانگلہ ہل شہر اور گردونواح میں چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ نہ تھم سکا

سانگلہ ہل) تحصیل رپورٹر) سانگلہ ہل شہر اور گردونواح میں چوری ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ نہ تھم سکا، شہری لاکھوں روپیہ نقدی، قیمتی موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم، شہر میں دو بڑے تھانوں کی پولیس وارداتیں کنٹرول کرنے میں بے بس ہوگئی۔ تفصیل کے مطابق شہر اور اس کے گردونواح میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں مسلسل اضافہ سے شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا، عوام ڈاکوں کے خوف سے ذہنی مفلوج ہونے لگے۔ دن دیہاڑے سر بازار اور مین شاہراہ پر موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر راہگیروں اور شہریوں کو روک کر ان سے لاکھوں روپیہ نقدی اور قیمتی موبائل فونز لوٹ لیتے ہیں، بعض وارداتوں کے دوران مزاحمت پر شہری ڈاکوں کے ہاتھوں زخمی بھی ہو چکے ہیں شہر میں ڈاکوں کے منڈلاتے ہوئے خوف سے شہری پریشان ہیں جبکہ شہر میں دو تھانوں کی پولیس بھی وارداتیں کنٹرول کرنے میں بے بس نظر آ رہی ہے۔ شہر کے سماجی حلقوں نے آئی جی پنجاب اور ڈی آئی جی رینج شیخوپورہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سانگلہ ہل میں بڑھتی ہوئی وارداتوں پر نوٹس لے کر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری کے زیر صدارت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس

قصور(بیوروچیف شفاقت علی چوہدری) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری کے زیر صدارت سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ جس میں تمام متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروگرام کی تیاری اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سسٹم آؤٹ سورس کرنے کے حوالے سے لائحہ عمل طے کیا گیا۔ جس کے تحت ٹرانسفر سٹیشن پر نامیاتی، غیر نامیاتی، آئرن اور پلاسٹک ویسٹ کی چھانٹی کی جائیگی اور سڑکوں، بازاروں میں کوڑا کرکٹ کی صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائیگا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سالڈ ویسٹ کی کوڑا کرکٹ اٹھانے والی گاڑیوں کو صاف ستھرا رکھا جائے اور ہر یونین کونسلز میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنایا جائے اس حوالے سے کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

چیئرمین چوہدری سرفراز احمد صدر رابعہ راحیل سینئر نائب صدر ریاض طاہر خاں اور میڈیا کورڈینیٹر حافظ نوید کمبوہ نے پودے لگائے

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) شجرکاری مہم کے سلسلے میں ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری سرفراز احمد صدر رابعہ راحیل سینئر نائب صدر ریاض طاہر خاں اور میڈیا کورڈینیٹر حافظ نوید کمبوہ نے پودے لگائے تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں شجرکاری مہم کے تحت نئے پودے لگانے کا کام تیزی کے ساتھ جاری ہے اس سلسلے میں ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری سرفراز احمد صدر رابعہ راحیل اور میڈیا کوارڈینیٹر حافظ محمد نوید کمبوہ نے دفتر ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن پودے لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کر دیا اس موقع پر حکیم ریاض احمد جنرل سیکرٹری پرنٹ میڈیا ایمرا گروپ ، سردار افتخار جٹ نمائندہ 7 نیوز ، و دیگر نے شرکت کی اس موقع پر چیئرمین ننکانہ صاحب ویلفیئر فاؤنڈیشن چوہدری سرفراز احمد جج نے گفتگو کرتے ہوئے فاؤنڈیشن کی طرف سے ارض پاک کو سرسبز بنانے کے لئے اپنے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ شہریوں کو چاہئے کہ وہ اپنے اپنے نام کا ایک ایک پودا لازمی لگائیں اور لگائے گئے پودوں کی دیکھ بھال میں بھی اپنا کردار ادا کریں

وزیر اعلی پنجاب کی ہدایا تضلعی انتظامیہ کا ذخیرہ اندوزوں، ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

قصور(بیوروچیف شفاقت علی چوہدری) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کا ذخیرہ اندوزوں، ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کی زیر نگرانی ضلع بھر میں اسسٹنٹ کمشنرز اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے گزشتہ ماہ کے دوران 38004 انسپیکشنز کی گئیں۔ 2994 دوکانداروں کو خلاف ورزیوں پر 19 لاکھ 48 ہزار 500 روپے جرمانہ کیا گیا 105 مقدمات کا اندراج کیا گیا

ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر ماہ رمضان المبارک میں فوڈ سیفٹی ٹیم کیبھر پور کارروائیاں جاری

کمالیہ(نامہ نگار) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر ماہ رمضان المبارک میں فوڈ سیفٹی ٹیم کیبھر پور کارروائیاں جاری۔ فوڈ سیفٹی ٹیم کا کمالیہ میں واقع ملاوٹی بیسن تیار کرنے والے یونٹ پر چھاپہ۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (آپریشنز) کی سربراہی میں ملاوٹی بیسن کی سپلائی ناکام بنادی گئی۔ ملزم ملاوٹی و غیر معیاری بیسن تیار کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔ 804 کلو ملاوٹی بیسن و اجزاء ضبط اور گرائنڈنگ یونٹ سیل۔ ملاوٹی بیسن کی خرید و فروخت میں ملوث ملزمان کے خلاف مقدمہ بھی درج۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید نےکہا کہ خوراک میں جعلسازی کرنے والے کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں۔ ملاوٹ مافیا کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔

ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار کے حکم پر ٹوبہ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

کمالیہ(نامہ نگار) ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار کے حکم پر ٹوبہ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤ ?ن جاری 7 منشیات فروش گرفتار، 1 کلو 150 گرام چرس اور 291 لیٹر شراب برآمد مقدمات درج۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی اور ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار کے حکم پر ڈسٹرکٹ پولیس ٹوبہ ٹیک سنگھ کا ضلع بھر میں منشیات فروخت کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤ?ن جاری ہے۔ ایس پی کمالیہ سندس اسحاق کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ صدر کمالیہ انسپکٹر خالد جمیل معہ ملازمان پولیس نے 737 گ ب میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزم عابد سکنہ 731 گ ب کو منشیات کا مکروہ دھندہ کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا جس کے قبضہ سے 1150 گرام چرس برآمد ہوئی۔ اسی طرح ایس ایچ او تھانہ بھی انسپکٹر ارشد معہ ملازمان پولیس نے 4 شراب فروش ملزمان کو گرفتار کیا۔ جن میں ملزم عمران کے قبضہ سے 56 لیٹر شراب برآمد ہوئی۔ دوسری کارروائی میں علی حیدر سے 50 لیٹر شراب برآمد کی تیسری اور چوتھی کارروائی میں ملزمان حق نواز اور سرفراز سے 50،50 لیٹر شراب برآمد کی۔

حکومت ناجائز منافع خوروں کو لگام ڈالنے میں ناکام رہی، سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے حلقہ پی پی 44 حبیب اللہ پسوال

ہیڈمرالہ(نامہ نگار) سابق آزاد امیدوار برائے ایم پی اے حلقہ پی پی 44 حبیب اللہ پسوال نے کہا ہے کہ حکومت ناجائز منافع خوروں کو لگام ڈالنے میں ناکام رہی، مقدس مہینے میں بھی تاجروں نے ناجائز منافع خوری، گراں فروشی اور خود ساختہ مہنگائی سے عوام کو پریشان کر دیا ان خیالات کا اظہار چوہدری حبیب اللہ پسوال نے اپنے ایک بیان میں کیا ان کا کہنا تھا کہ تاجر حضرات رمضان المبارک کے احترام میں ناجائز منافع خوری ترک کردیں ماہ مقدس میں پھلوں، سبزیوں اور اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں ناجائز اضافہ اللہ تعالی کی ناراضگی کا موجب بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے معمولی فائدہ کے لئے اپنی عاقبت خراب نہ کریں اور مخلوق خدا کو تکلیف میں مبتلا نہ کریں، مہنگائی اور گرانی نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے کوئی روزہ دار پیٹ بھر کر کھانا نہ سکا یا سحری نی کر سکا تو اس کا عذاب بھی ناجائز منافع خوروں کے ذمہ ہوگا۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ اللہ رب العزت نے ہمیں زندگی میں بار دگر رمضان لامبارک کی برکتیں سمیٹنے کی توفیق دی۔ مہنگائی کنٹرول کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری تھی لیکن افسوس حکومت نے بھی اپنی ذمہ داری احسن طریقہ سے نہیں نبھائی اور پورا سال بھر کی طرح ماہ رمضان میں بھی عوام کو ناجائز گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔

،ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیز کے افسران ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کو صاف ستھرا اور دلکش بنانے کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں

ننکانہ صاحب)غلام سرور) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی خصوصی ہدایت پر لوکل گورنمنٹ، ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیز کے افسران ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کو صاف ستھرا اور دلکش بنانے کے لیے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد کی ہدایت پر تمام متعلقہ محکموں کے افسران ڈپٹی کمشنر کی زیر سرپرستی اور اپنی نگرانی میں ہمہ وقت صفائی ستھرائی اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے متحرک رہتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد کا کہنا ہے کہ متعلقہ اداروں کے افسران کو صاف ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے کاموں میں مزید تیزی لانے کے لیے ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلع بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کامیابی سے روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے، جس کے تحت شہری و دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ پارکس ، گرین بیلٹس اور چوراہے سرسبز و شاداب دکھائی دے رہے ہیں۔ میونسپل کمیٹیز کا عملہ سیوریج لائنوں کی صفائی اور گٹروں کو ڈھکن لگانے کا کام باقاعدگی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ پودوں اور سڑکوں کے ڈیوائیڈرز پر لگی گھاس کی تراش کا کام جاری ہے اور پودوں کو پانی بھی باقاعدگی سے دیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام کو مزید بہترین میونسپل سروسز کی فراہمی کیلئے تمام مشینری و عملہ متحرک ہے اور شہر کی سڑکوں، گلی محلوں اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔

امیاں ارقم خان ایم پی اے کی عمر ایوب خان کو مبارکباد، بطور اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی وہ اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے میاں ارسم خان ایڈووکیٹ

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) امیاں ارقم خان ایم پی اے کی عمر ایوب خان کو مبارکباد، بطور اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی وہ اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے میاں ارسم خان ایڈووکیٹ تفصیلات کے مطابق میاں محمد ارقم خان ایم پی اے حلقہ پی پی 68 ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف گوجرانوالہ اور میاں محمد ارسم خان ایڈووکیٹ سیاسی و سماجی رہنما پاکستان تحریک انصاف نے پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری عمر ایوب خان ایم این اے کو قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر مقرر ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بااعتماد ساتھی عمر ایوب خان کی بطور اپوزیشن لیڈر تقرری خوش آئند ہے عمر ایوب خان بطور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے اور اپوزیشن جماعتوں اور اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے اور انکی اولین ترجیح پاکستان اور عوام کی خدمت ہوگا

محمد اکرم گادی سابق چیئرمین یوسی ماڑی خورد انتقال کر گئے مرحوم کو انکے آبائی گاں قلعہ مصطفیٰ آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) محمد اکرم گادی سابق چیئرمین یوسی ماڑی خورد انتقال کر گئے مرحوم کو انکے آبائی گاں قلعہ مصطفیٰ آباد میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں پی ٹی آئی رہنماں۔ صحافیوں سمیت معززین اہل علاقہ اور سیاسی و سماجی شخصیات کی کثیر تعداد میں شرکت تفصیلات کے مطابق چوہدری محمد جمیل گادی کے بھائی ۔ صدر تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ حاجی محمد لطیف گادی کے کزن سابق چیئرمین یونین کونسل چوہدری محمد اکرم گادی انتقال کر گئے نماز جنازہ میں میاں ارقم خان ایم پی اے کے بیٹے میاں ارسم ارقم خان ایڈووکیٹ، امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری علی وکیل خان، امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری سیف اللہ ورک، تحصیل صدر پی ٹی آئی چوہدری صائم شہزاد گجر ایڈووکیٹ، چوہدری فخر ریاض ورک ایڈووکیٹ سابق سیکرٹری بار نوشہرہ ورکاں، چوہدری امتیاز اصغر خاں سابق چیئرمین یونین کونسل گھسن والا، چوہدری ثناء اللہ ورک سابق ناظم یونین کونسل ماڑی خورد، صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ و چیئرمین تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار، صدر تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ حاجی محمد لطیف گادی، جنرل سیکرٹری تتلیعالی پریس کلب ثنا اللہ صافی، مقامی صحافی سفیان نزیر۔ نائب صدر تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ اشفاق احمد ڈوگر۔ ایم اے شاہین سیکرٹری نشر و اشاعت تتلیعالی پریس کلب رجسٹرڈ ۔ رانا فقیر حسین ۔ رانا مقبول احمد سمیت سیکڑوں سیاسی و سماجی شخصیات معززین اہل علاقہ اور عزیز و اقارب کی کثیر تعداد نے شرکت کی

سرائے عالمگیر سمیت ضلع بھر میں بنکوں، اے ٹی ایم کے باہر سکیورٹی کو یقینی بنائے، ایس پی انویسٹیگیشن مہر ریاض ناز

سرائیعالمگیر(نامہ نگار) سرائے عالمگیر سمیت ضلع بھر میں بنکوں، اے ٹی ایم کے باہر سکیورٹی کو یقینی بنانے کے احکامات سرائے عالمگیر سمیت ضلع بھر کے تمام تھانوں کی حدود میں واقع تمام بنکوں اور اے ٹی ایم کے باہر و اندر ہونیوالی وارداتوں کے سدباب کے لیے رمضان المبارک کے آخری ایام اور عید کے دنوں میں بنکوں مالیاتی اداروں اور اے ٹی ایم مشینوں کے باہر ہونے والی ڈکیتیوں کو کنٹرول کرنے کے کے لیے 24 گھنٹے سکیورٹی گارڈز کی تعیناتی کو بنک منیجرز یقینی بنائیں اس کے ساتھ متعلقہ ایس ایچ اوز اور بیٹ آفیسرز چیکنگ کے ساتھ پولیس گشت کو مزید موثر بنائیں

بعدالت جناب محترمہ نسیم اختر ناز صاحبہ جج فیملی کورٹ چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان مقدمہ۔ ارم شہزادی بنام مشتاق احمد اشتہار بنام مشتاق احمد ولد عمر دین ساکن لکھنے کے تحصیل و ضلع قصور (مدعا علیہ) ہرگاہ مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 05-04-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب محترم چوہدری قیصر شہزاد صاحب سینئر سول جج / گارڈین جج گوجرانوالہ

درخواست گارڈین

عنوان۔ صائمہ بی بی بنام عوام الناس

صائمہ بی بی بیوہ سجاد احمد ساکن بازار نمبر 1 گلہ نیاز کمبوہ والا محلہ فیصل کالونی ریس کورس روڈ ضلع گوجرانوالہ بنام عوام الناس اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 15-04-2024 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سونیا صفدر بھٹی صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ دلا پانے خرچہ نان و نفقہ

عنوان۔ مقدس بی بی وغیرہ بنام جاوید مسیح

اشتہار بنام۔ جاوید مسیح ولد عاشق مسیح ساکن فرانسس آباد تحصیل و ضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 06-04-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر ADLR/109 ر۔ب جڑانوالہ

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی سیموئیل مسیح ولد نذیر مسیح حصے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع تھہ بھلو تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ وارثان میں والد نذیر مسیح۔ والدہ نواب بی بی اور بیوہ حنیفاں بی بی تینوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ جارج مسیح۔ راجہ ڈانئیل۔ ندیم۔ آصف مسیح پسران متوفی زندہ۔ عابدہ بی بی دختر زندہ ہیں اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کرسکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 20

افسران نے استقبال کیا اور وزارت بارے بریفنگ دی۔

بقیہ بقیہ جات 21

منقطع کردیے، 17 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیرقانونی استعمال پر 6 گھریلو کنکشن منقطع کیے، مزید گیس چوروں کے خلاف 1 ایف آئی آر بھی درج کروائی اور 3 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 1 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے مزید گیس چوروں کو 0.8 ملین سے زائد کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 8 کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 0.3 ملین کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ گجرات میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 2 ہزار سے زائد کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 2 گھریلو کنکشن منقطع کیے۔ فیصل آباد میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن کیے، جبکہ گیس چوروں کو 45 ہزار کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے اور 0.26 ملین کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 22

کاری کی خبریں آنا شروع ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان محنت کریں گے تو میرٹ کی بنیاد پر صلہ ملے گا، پاکستان نے آگے جانا ہے تو تین سیکٹرز جو ہمیں فوری طور پر فائدہ دے سکتے ہیں وہ آئی ٹی، زراعت اور صلاحیت کی تربیت ہے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ اب دور ڈیجیٹلائزیشن کا ہے، ای گیمنگ کی انڈسٹری اربوں ڈالر کی انڈسٹری بن گئی ہے اور پاکستانی نوجوان اس میں بہت آگے ہیں مگر ای اسپورٹس کی کوئی آرگنائزیشن پاکستان میں نہیں تو ہم اولمپکس ایسوسی ایشن کے ساتھ مل کے پہلی ای اسپورٹس کا قیام عمل میں لا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

حلقہ این اے 81 سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما اظہر قیوم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سنی اتحاد کونسل کے بلال اعجاز چوہدری کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ بلال اعجاز چوہدری 8 ہزار ووٹوں سے کامیاب قرار پائے، الیکشن کمیشن نے دوبارہ گنتی پر اظہر قیوم کو کامیاب قرار دے دیا۔ ریٹرننگ افسر نے ووٹوں کی دوبارہ گنتی پر درخواست گزار کا 2.5 ہزار ووٹ کم کر دیا چنانچہ عدالت مسلم لیگ (ن) کے امیدوار اظہر قیوم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کرے۔

بعدالت جناب غضنفر علی خان تھراج صاحب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: ممتاز بی بی بنام اظہر علی شاہ وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 98/4/98 موضع خاکی لکھی تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام اظہر علی شاہ، اجمل علی شاہ پسران راجہ شاہ قوم ترمیٰی ہاشمی۔ منظوراں مائی، جنت بی بی، محمد نواز دختران ولپسر پہلوان۔ ممتاز مائی زوجہ ذوالفقار علی۔ فخر عباس، صفدر علی، انور علی پسران نذر حسین۔ قیوم عباس ولد کاظم علی۔ ظفر علی ولد نور محمد۔ بکھاں، حق نواز، احمد نواز دختر وپسران پہلوان۔ فخر عباس ولد نور محمد۔ رمضان، عابد پسران محمد، سجاد حسین ولد احمد نواز۔ محمد اقبال ولد نور محمد۔ ظفر علی ولد فلک شیر جملہ اقوام سیال جنجیانہ۔ مختار حسین ولد غلام محمد سیال امرانہ۔ محمد صدیق ولد عبدالحمید جٹ چدھڑ۔ جعفر حسین ولد غلام محمد قوم ٹانوری۔ نزاکت عباس ولد حق نواز۔ مظفر عباس ولد نذر حسین اقوام سیال جنجیانہ۔ نذیر احمد ولد عبدالمجید قوم جدھڑ۔ الطاف حسین ولد غلام محمد قوم سیال عموانہ۔ ارشاد فاطمہ دختر غلام محمد قوم عموانہ۔ نذیر احمد ولد محمد نواز۔ محمد نواز ولد نور محمد۔ اظہر عباس ولد فلک شیر۔ حق نواز ولد شیر۔ ممتاز مائی دختر نور اقوام سیال جنجیانہ۔ ناصر عباس ولد غلام محمد قوم ٹانوری۔ صفدر ولد چراغ ماچھی۔ عبدالحمید ولد محمد بخش قوم جٹ چدھڑ۔ اللہ دتہ ولد محمد قوم سیال جنجیانہ۔ اشفاق حسین، عزیز فاطمہ پسر ودختر غلام محمد قوم سیال عموانہ۔ علی حسین شاہ ولد پیر شاہ قوم سید بخاری۔ ممتاز بی بی دختر منظور حسین۔ نذیر احمد ولد غلام محمد۔ محمد صدیق ولد فلک شیر۔ ناصر ولد محمد۔ علی رضا ولد کاظم علی۔ بشیر احمد ولد غلام محمد اقوام سیال جنجیانہ۔ ظہور حسین ولد کبیر ظہیم۔ ظہور حسین ولد منظور حسین بھٹی۔ اسد عباس ولد کاظم علی۔ مظفر علی۔ اظہر علی پسران احمد نواز اقوام سیال جنجیانہ۔ روبینہ بی بی زوجہ محمد فاروق احمد قوم بھٹی۔ طالب حسین ولد غلام محمد قوم ٹانوری۔ احمد رضا ولد فلک شیر قوم سیال جنجیانہ۔ ظفر علی ولد احمد نواز۔ چراغ ولد محمد اقوام سیال جنجیانہ۔ ملازم حسین ولد غلام محمد قوم ٹانوری۔ توقیر فاطمہ دختر غلام محمد قوم سیال عموانہ۔ محمد اسماعیل ولد محمد عنایت۔ بشیر احمد، اقبال حسین ولد احمد نواز۔ مظہر عباس ولد فلک شیر۔ حفیظ مائی دختر نور محمد۔ افضل الرضا ولد محمد عنایت۔ فخر عباس ولد نذر محمد اقوام سیال جنجیانہ جملہ سکنائے موضع خاکی لکھی تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 08.04.2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب اعظم شائیگان اعوان صاحب تحصیلدار واسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول منچن آباد

مثل جدید امجد جلال ولد بشیر احمد قوم کالوکا وٹو سکنہ موضع جلال خاتون تحصیل منچن آباد بنام احمد علی ولد محرم خاں قوم کالوکا وٹو سکنہ موضع جلال خاتون تحصیل منچن آباد عنوان: دعویٰ بمراد صدور ڈگری بید خلی مزارعہ موضع جلال خاتون تحصیل منچن آباد عنوان: بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر باوجود اطلاع ہونے کے مدعا علیہ غیر حاضر ہے کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے آپ مورخہ 24/04/17 پیش ہو کر پیروی مقدمہ کریں۔ بصورت دیگر آپ کے

بعدالت جناب تحصیلدار / ADLR صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان: انتقال وراثت متوفیہ مہراں بیگم دختر حاجی فیض احمد قوم وٹو موضع گوبند گڑھ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفیہ کے وارثان منظور احمد خاوند متوفیہ، 3 بیٹے مقبول احمد، محمد اعظم، ناظم حسین اور 1 بیٹی زینب بی بی پسران ودختر منظور احمد زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ

بقیہ بقیہ جات 24

حالیہ اضافے کے خلاف متفرق درخواست پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف جوڈیشل ایکٹیوزم پینل کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سے مہنگائی میں اضافہ ہوگا، بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہورہا۔ استدعا ہے عدالت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن معطل کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف جوڈیشل ایکٹیوزم پینل کی درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

پہلے 9 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 53 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ او سی اے سی کی طرف سے مرتب کردہ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ملک میں 0.84 ملین ٹن فرنس آئل کی فروخت ریکارڈ کی گئی

اطلاع عام

میں مسمی سردار نواب سانول خان ڈوگر ولد سردار نواب عارف حسین ڈوگر سابقہ ایم این اے کی تیس سالہ پرانی وراثتی دشمنی چل رہی ہے مجھے جانی خطرہ ہے۔ تمام اداروں کو آگاہ کردیا گیا ہے۔ آج کل کلی ڈوگراں والی، ڈوگر ہاؤس، ڈوگر فارم ہاؤس تحصیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ میں رہائش پذیر ہوں۔ اعلیٰ افسران سے گزارش ہے کہ تحفظ کیلئے جان بخشی کی جائے۔

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کارپوریشن کی جاری کردہ پالیسی نمبر 609733964-0 بنام غلام اکبر ولد احمد بخش مالیت -/150000 روپے گم ہوگئی ہے اگر تین یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو بچوری کی کلیم کی ادائیگی کردی جائیگی۔
منجانب: جنرل منیجر اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون

بعدالت جناب امتیاز احمد باجوہ صاحب جج فیملی کورٹ لاہور

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان حمیدہ بی بی بنام ارشد علی اشتہار اخبار بنام ارشد علی ولد اللہ بھاٹیا ساکن شام کے بھٹیاں ضلع لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزاں ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کہ بتقرر 5/4/2024 عدالت ہذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر نا قابل قبول ہوگا آج بدستخط مہرے عدالت سے جاری ہوا

بعدالت محترمہ جناب مرضیہ علی صاحبہ فاضل سول جج درجہ اول ایڈمن کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر C.C.1586 مورخہ 03.04.24 آف سال 2024 عنوان مقدمہ: زین العابدین بنام عوام الناس وغیرہ نوعیت: درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی پیہ سائل۔ زین العابدین ولد عبدالغفار ساکن ڈیرہ ماسٹر نزیر ڈاکخانہ ملیاں کلاں، خیرہ پور ملیاں تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ مقررہ مورخہ 20.04.2024 کو اصالتاً یا وکالتاً صبح بوقت نو بجے (9) حاضر عدالت ہو کر پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول وسماعت نہ ہوگا) مہر عدالت دستخط حاکم مجاز

بعدالت جناب میڈم اقرا رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ نبیل انتظار بذریعہ عدیل انتظار بنام X.E.N واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن سرفراز نگر۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 16-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔
آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول گارڈین جج فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان: نازیہ بی بی بیوہ عبدالرزاق ساکن چک نمبر 191 رب مولا نی ہرلاں ڈاکخانہ خاص تحصیل چک جھمرہ ضلع فیصل اباد بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 18.04.2024 کو بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محترم محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول گارڈین جج فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین بعنوان: ہمیر علی ولد ساجد عمران ساکن بازار نمبر 2/3 مکان نمبر 2841/P گلی نمبر 23 محلہ رضا اباد فیصل اباد بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام: عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 15.04.2024 کو بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

پاکستان امریکا سیکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے کیلئے کام جاری رکھیں گے، امریکا

یہ ہمارے لیے ایک ترجیح رہی ہے اور آئندہ بھی رہے گی کہ پاکستان میں ہر ایک کے ساتھ قانون کی حکمرانی کے مطابق سلوک کیا جائے

سکھ رہنما کے قتل کی شفاف تحقیقات چاہتے ہیں، نتائج کا انتظار، افغانستان کو بین الاقوامی امداد افغان باشندوں تک پہنچ جائے جنہیں ضرورت ہے، میتھیو ملر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کی سکیورٹی پارٹنرشپ کو بڑھانے کیلئے کام جاری رکھیں گے۔ نیوز بریفنگ کے دوران میتھیو ملر نے زور دیا کہ افغانستان کو بھیجی جانے والی بین الاقوامی امداد افغان باشندوں تک پہنچ جائے جنہیں ضرورت ہے۔ جب میتھیو ملر سے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے عالمی امن اور علاقائی سلامتی کے اہداف پر امریکا کے ساتھ تعاون کی پیشکش کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں (بقیہ نمبر63)

لاہور پروفیسر ڈاکٹر زرفشاں طاہر ٹیم کے ہمراہ پرانی عمارتوں کی رینوویشن کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

شوگر مل مالکان نے 10 لاکھ چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگ لی

کراچی (این این آئی) شوگر مل مالکان نے حکومت سے 10 لاکھ چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگ لی۔ اجازت کی صورت میں ملک بھر میں چینی کی قیمت میں اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق شوگر مل مالکان نے 10 لاکھ چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگ لی، رواں سال ملک بھر میں چینی کی مجموعی پیداوار 75 لاکھ ٹن رہی، ملک میں چینی کی ضرورت کا تخمینہ 5 لاکھ ٹن ماہانہ یا 60 لاکھ ٹن سالانہ ہے۔ شوگر ملز ایسوسی ایشن کے مطابق چینی کے 15 لاکھ ٹن اضافی ذخائر ہیں

رواں مالی سال بینکوں سے نجی شعبے کو قرض فراہمی میں ریکارڈ کمی

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال بینکوں سے نجی شعبے کو قرض کی فراہمی میں ریکارڈ کمی واقع ہوئی ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں نجی شعبے کو صرف ساڑھے 40 ارب روپے کا قرضہ دیا گیا جبکہ گزشتہ مالی سال اسی عرصے میں نجی شعبے کو 225 ارب روپے سے زائد کا قرضہ دیا گیا تھا۔ ذرائع نے کہا کہ گزشتہ سال بینکوں نے ریکارڈ منافع حاصل کیا تھا، نجی شعبے کو قرض فراہمی میں ریکارڈ کمی سے رواں مالی سال اقتصادی اہداف حاصل کرنا مشکل ہوگیا۔

سمندری حدود میں تیل وگیس کی تلاش کا کام تیز کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے سمندری حدود میں تیل وگیس کی تلاش کا کام تیز کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطاق ملک کی انرجی سیکیورٹی کیلئے سمندری حدود میں تیل وگیس کی تلاش کا کام تیز کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے غیرملکی ماہرین کی خدمات لینے کی ہدایات کردی۔ ذرائع نے بتایا کہ ملک کے 2 آف شور انڈس اور مکران بیسن میں تیل وگیس کے وسیع ذخائر کا اندازہ ہے۔ (بقیہ نمبر 60)

حضرت علیؓ شجاعت وحق گوئی کی تابندہ وزندہ درخشندہ مثال رہیں گے، ملک ندیم

اہل بیت اکرام سے محبت واطاعت ہی اسلام اور قرآن کے حقیقی پیغام کی ترجمانی ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) ای سی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس ملک ندیم نے کہا ہے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؓ ہمیشہ شجاعت وحق گوئی کی تابندہ و زندہ درخشندہ مثال رہیں گے۔ اہلبیت اکرام نے مدینہ تا نجف اور پھر کربلا کے ریگزار تک سرکار دو عالمؐ سے وفا میں سب کچھ قربان کردیا۔ اسلام کے نام لیوا تا قیامت اہل بیت کے نام پر اپنی جبین نیاز خم کرتے رہیں گے۔ اہلبیت اکرام (بقیہ نمبر 64)

تاجر بھائیوں، بازاروں مارکیٹوں کیلئے ہمیشہ بے لوث آواز اٹھائی، عابد علی

تعمیری جدوجہد اور مثبت کاوشیں ہی قومی تاجر اتحاد لاہور کی قیادت کا شیوہ ہے اور ہمیشہ رہیگا

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے تاجر بھائیوں اور بازاروں مارکیٹوں کیلئے ہم نے ہمیشہ بے لوث آواز اٹھائی ہے۔ بازاروں اور مارکیٹوں اور تاجروں کے حقوق کیلئے ہمیشہ ڈٹ کر کھڑے ہیں۔ تعمیری جدوجہد اور مثبت کاوشیں ہی قومی تاجر اتحاد لاہور کی قیادت کا شیوہ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ تاجر حقوق پر بغیر کسی سمجھوتے اور مصلحت کے ہم (بقیہ نمبر 65)

پنجاب پبلک لائبریریز کیلئے ڈائریکٹر کی تعیناتی ازحد ضروری ہے، پبلشرز

وزیراعلی پنجاب سے نوٹس لینے اور فوری ڈائریکٹر کی تقرری عمل میں لانے کا مطالبہ

لاہور (سٹی رپورٹر) آل پاکستان جنرل بکس پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے اجلاس میں پنجاب پبلک لائبریریز کے ایک طویل عرصہ سے ڈائریکٹر کی پوسٹ خالی رہنے پر پبلشرز نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈائریکٹر کی عدم موجودگی کی وجہ سے ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ توفیق ڈائریکٹر کے اختیارات استعمال کر رہا ہے جب کہ وہ اتنے لمبے عرصے کے لیے یہ اختیارات (بقیہ نمبر 66)

لاہور، صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر پنجاب ہیلتھ روڈ میپ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا عید کے بعد انتخابی دھاندلی کے خلاف احتجاج کا اعلان

عمران خان نے اپنے نظریے کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا پیغام دیا، ہم بھرپور تحریک چلائیں گے، اجلاس میں جلسوں کا شیڈول جاری کریں گے، اسد قیصر

ہمارا ایک بڑا اتحاد بن چکا ہے اور اس کا ایک نکاتی ایجنڈا ہے کہ پاکستان میں آئین اور قانون کی بالادستی ہو، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے عید کے بعد انتخابات میں مبینہ دھاندلی کے خلاف احتجاج کا اعلان کردیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا کہ ہم عید کے بعد بھرپور تحریک چلائیں گے اور ہم اگلے اجلاس میں جلسوں کا شیڈول جاری کریں گے، اس کا بنیادی مقصد آئین اور قانون کی بالادستی، اس کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، جو ہمارے ججز پر ظلم ہوا، جو خط آیا تو کیا اس ملک میں قانون (بقیہ نمبر 55)

HONOURABLE
MALIK ZAHEER IQBAL CHANNAR
Deputy Speaker Punjab Assembly

لاہور، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ شجرکاری مہم کے آغاز کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

گلگت بلتستان، لاپتہ 12 سالہ لڑکی بازیاب، عدالت نے دارالامان بھیج دیا

گلگت (این این آئی) پولیس نے 20 جنوری سے لاپتہ 12 سالہ لڑکی فلک نور کو بازیاب کر کے گلگت بلتستان کی عدالت میں پیش کر دیا جبکہ عدالت نے عدالت میں بیان قلمبند کرنے کے بعد لڑکی کو دارالامان بھجوا دیا۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) گلگت محمد ایاز کا کہنا ہے کہ لڑکی کو ان کے آبائی گاؤں سلطان آباد گلگت کے ایک گھر پر صبح سویرے چھاپہ مار کر بازیاب کیا، جہاں سے انہیں چیف کورٹ گلگت بلتستان میں پیش کر دیا۔ بتایا گیا کہ لڑکی کا بیان قلمبند کرلیا گیا، محمد ایاز کے مطابق لڑکی سے پسند (بقیہ نمبر 53)

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لڑکی کا قتل، مقتولہ کے دوسرے بھائی، بھابھی کو جیل بھیج دیا گیا

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ٹوبہ ٹیک سنگھ کی عدالت نے باپ اور بھائی کے ہاتھوں لڑکی کے قتل کیس میں مقتولہ کے دوسرے بھائی شہباز اور بھابھی سمیرا کو جیل بھیج دیا۔ ماریہ قتل کیس کے ملزمان علاقہ مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہوئے، سمیرا اپنی تین ماہ کی بیٹی کے ہمراہ پیش ہوئی۔ عدالت نے مقتولہ کی بھائی شہباز اور بھابھی سمیرا کو جیل بھیج دیا، دوران تفتیش دونوں ملزمان قتل کا واقعہ چھپانے کے جرم کے مرتکب پائے گئے۔ واضح رہے کہ 30 مارچ کو پنجاب کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں غیرت کے نام (بقیہ نمبر 51)

تیز رفتار ٹریکٹر سے گرنے والے نوجوان کے اوپر سے ٹرالی گزر گئی، نوجوان جاں بحق

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب موڑ کھنڈہ منڈی فیض آباد روڈ نزد اسلحہ مارکی تیز رفتار ٹریکٹر سے گرنے والے نوجوان کے اوپر سے ٹرالی گزر گئی، اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا، حادثہ کے نتیجہ میں نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، ریسکیو عملہ نے ضروری کارروائی کے بعد ڈیڈ باڈی لواحقین کے حوالے کر دی، حادثہ میں جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 50)

فیصل آباد، بی آئی ایس پی کے تحت مستحق خواتین کیلئے 12 کیمپ قائم

مستحق خواتین میں متعلقہ بینکس کی طرف سے کیش کی تقسیم کی جائے گی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد ضلعی انتظامیہ نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مینجمنٹ کی طرف سے "ان کنڈیشنل کیش ٹرانسفر پروگرام" کے تحت مستحق خواتین میں مستقل بنیادوں پر سہ ماہی قسط 10500 روپے کی خوشگوار اور پرامن ماحول میں بلاتعطل فراہمی کیلئے 12 کیمپ سائٹس قائم کردی ہیں، متعلقہ مستحق رجسٹرڈ خواتین اپنے اصل قومی شناختی کارڈ کے ساتھ متعلقہ کیمپ (بقیہ نمبر 67)

سانگلہ ہل گندم کی برداشت کا مرحلہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، مریم افتخار

فصل کی برداشت محکمہ زراعت کی سفارشات کے مطابق کریں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت

ننکانہ صاحب (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع مریم افتخار نے کہا ہے کہ گندم ہماری غذا کا انتہائی اہم جزو ہے اور خوردنی اجناس میں اسے ایک نمایاں مقام حاصل ہے، گندم کی برداشت کا مرحلہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ گندم کی برداشت کے دوران پیش آنے والے زرعی عوامل اور موسمی حالات خاص اہمیت رکھتے ہیں، جدید تحقیق کے مطابق کٹائی کے بعد گندم کی پیداوار (بقیہ نمبر 68)

آر او پلانٹس کی تنصیب میں 92 کروڑ روپے کی خطیر کرپشن کا انکشاف

خطیر رقم سے 110 آر او پلانٹس منظور کیئے گئے، صرف ایک پلانٹ عوام کو پانی فراہم کر رہا ہے، ذرائع

ٹمیاری (این این آئی) آر او پلانٹس کی تنصیب میں 92 کروڑ روپے کی خطیر کرپشن کا انکشاف ہوا ہے، بدعنوانی کی دستاویز سامنے آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے پروڈکشن بونس فنڈ میں بدعنوانی کی دستاویز سامنے آ گئی ہے۔ تیل و گیس کی رائلٹی سے مختلف علاقوں میں 110 آر او پلانٹس منظور کیے گئے تھے۔ پہلے مرحلے میں 52 کروڑ روپے کی رقم سے 67 آر او (بقیہ نمبر 69)

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا سنٹرل پولیس آفس میں پروموٹ ہونیوالے انسپکٹرز کے بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

رمضان کی عبادات سے دنیا و آخرت کو بہتر بنائیں، علامہ ہشام الٰہی ظہیر

ذخیرہ اندوزی، مہنگائی کرنے والے مجرم، فلسطینی اور کشمیری بھائیوں کو دعاؤں میں یاد رکھیں

لاہور (این این آئی) جمعیت اہل حدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کی عبادات سے دنیا و آخرت کو بہتر بنائیں، ذخیرہ اندوزی اور مہنگائی کرنے والے مجرم ہیں، فلسطینی اور کشمیری بھائیوں کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ انہوں نے معتکفین کے تربیتی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اس کے قیمتی لمحات کو ضائع نہ کریں، نماز روزہ اور قرآن پاک کی تلاوت کو معمول بنا کر اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس مہینے کی برکات سے فائدہ اٹھا کر اپنے رب سے گناہوں کو بخشوانے اور اللہ تعالیٰ کو راضی کر لیتے ہیں وہی کامیاب لوگ ہیں۔ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا کہ حکومت مہنگائی (بقیہ نمبر 62)

گیس بحران کے سبب شہری ابالے بغیر آلودہ پانی پینے پر مجبور

گیس فراہمی نہ ہونے اور فلٹر پانی مہنگا ہونے کی وجہ سے وہ ابالے بغیر پانی پینے پر مجبور ہیں، ماہرین صحت

کراچی (این این آئی) ماہرین صحت نے شہر میں بڑھتے ہوئے گیسٹرو کیسز پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی اہم وجہ آلودہ پانی پینا ہے، گیس کی قلت اور اس کی مہنگی قیمتوں کے باعث بہت سے لوگ ابالے بغیر ہی پانی پینے پر مجبور ہیں۔ ماہرین کے مطابق شہر کو فراہم کیا جانے والا پانی انتہائی آلودہ ہے اور اسے پینے کے لیے محفوظ بنانے کے لیے مناسب طریقے سے ابالنے یا فلٹر کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر رتھ فاؤ سول ہسپتال کراچی کے شعبہ ایمرجنسی جہاں روزانہ 1500 مریض لائے جاتے ہیں، وہاں کے ڈاکٹرز نے بتایا کہ حالیہ دنوں میں پیٹ کے امراض (بقیہ نمبر 61)

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری، خالد احمد بٹ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیون ای نوٹسز سپریم کورٹ کے فیصلے آنے تک روکے جائیں، ٹیکس بار

تاجر دوست سکیم، ایس آر اوز کے ایس او پیز اور رولز وضع کیے جائیں، چیف کمشنرز ایف بی آر سے ملاقات

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد نے پاکستان ٹیکس بار کے عہدیداران کے ہمراہ چیف کمشنر ایف بی آر لاہور امجد فاروق، چیف کمشنر سعدیہ صدف گیلانی سے ملاقات کر کے مختلف مسائل پر گفتگو کی۔ وفد میں لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، نائب صدر انیب اختر انصاری، جنرل سیکرٹری میاں زاہد، جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا، فنانس سیکرٹری حسن یوسف، پاکستان ٹیکس بار کے پیٹرن رانا منیر حسین، سینئر نائب صدر زاہد عتیق چودھری، فاروق مجید، نائب صدور عاشق علی رانا، طاہر بشیر مغل، صولت ملک، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر اور دیگر شامل تھے۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق اور جنرل سیکرٹری میاں زاہد نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ میڈیا کو بتایا کہ ملاقات میں ایف بی آر چیف (بقیہ نمبر59)

داتا دربار، مزنگ اور فیکٹری ایریا سے 3 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

پولیس، تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاشیں مردہ خانہ منتقل کر دیں

لاہور (این این آئی) داتا دربار، مزنگ اور فیکٹری ایریا سے 3 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ایدھی ترجمان کے مطابق داتا دربار شیش محل روڈ سے 55 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، مزنگ لٹن روڈ کے علاقے میں 50 سالہ شخص فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، جبکہ فیکٹری ایریا ڈولفن ہیڈ کوارٹر کے قریب سے 22 سالہ نوجوان کی لاش برآمد ہوئی۔ جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 58)

ٹیلی کام مشینری کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 102 فیصد اضافہ

گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ٹیلی کام مشینری کی درآمدات پر 709 ملین ڈالر کا زرمبادلہ خرچ ہوا تھا

اسلام آباد (این این آئی) ٹیلی کام مشینری کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 102 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان کے ادارہ برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ٹیلی کام مشینری کی درآمدات پر 1.435 ارب ڈالر کا زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 102 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت (بقیہ نمبر 57)

والدین بچوں کو جان لیوا اور خطرناک اقدامات سے روکیں، میاں اختر علی

پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے جس کی روک تھام کیلئے سخت ترین اقدامات انتہائی ضروری ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو لائف سٹائل انٹرنیشنل میاں اختر علی نے کہا ہے نوجوان نسل کی اخلاقی تربیت اور سماجی برائیوں سے بچاؤ میں مدد والدین کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔ عیدالفطر کے مسرتوں بھرے تہوار میں جان لیوا اور خطرناک اقدامات سے بچوں کو روکیں۔ پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے جس کی روک تھام کیلئے سخت ترین اقدامات انتہائی ضروری ہیں۔ جان لیوا کھیل کے محرکات روکنے (بقیہ نمبر 56)

غزہ کا محاصرہ، قتل عام اسرائیلی مظالم کی دردناک مثال ہے، شیخ عبدالمنان

اُمت مسلمہ ایمانی اور اخلاقی انسانی فرض کی ادائیگی کیلئے فلسطین کے حق میں آواز اٹھائے

لاہور (سٹی رپورٹر) ایگزیکٹو بورڈ ممبر پیاف شیخ عبدالمنان نے کہا ہے غزہ کا بدترین محاصرہ اور قتل عام اسرائیل کے مظالم کی نہایت دردناک مثال ہے۔ اسرائیل کی طرف سے غزہ پر بمباری اور محاصرے میں بے گناہ مسلمان بھائی بہنیں بچے شہید ہو رہے ہیں۔ اسرائیل کی طرف سے غزہ کے شہریوں کے خلاف جنگی جرائم جاری ہیں خوراک ادویات بنیادی ضروریات زندگی تک سے نہتے فلسطینی محروم ہیں۔ غزہ کا محاصرہ، شہریوں کے پینے تک کا پانی بند کر کے انہیں پیاس سے مارنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ غزہ میں بمباری سے بے گناہ نہتے فلسطینی خواتین بچے اور عام شہری نشانہ بن رہے ہیں۔ امت مسلمہ اپنے (بقیہ نمبر 54)

ایس ایم ای سیکٹر کی بجٹ تجاویز کیلئے سمیڈا کا مشاورتی اجلاس

ٹیکسوں اور مالیاتی رسائی کے لئے آسان نظام وضع کیا جائے، اسٹیک ہولڈرز کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے زیراہتمام وفاقی بجٹ کے لئے ایس ایم ایز کی تجاویز کے حصول کے سلسلے میں مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایم ایز نے ٹیکسوں کی شرح کو 3 فیصد تک لانے اور بینکوں کے قرضوں پر مارک اپ کی شرح کو کم کر کے 10 سے 15 فیصدی تک مقرر کرنے کا مطالبہ کیا۔ اجلاس کی صدارت سمیڈا کی جنرل منیجر پالیسی اینڈ پلاننگ نادیہ جہانگیر سیٹھ نے کی۔ جبکہ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز کے وائس پریذیڈنٹ ذکی اعجاز اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مجلس عاملہ برائے ایس ایم ایز سجاد افضل، کراچی چیمبر آف کامرس کے وائس پریذیڈنٹ تنویر بری، پاکستان چینز سٹور ایسوسی ایشن کے عہدیدار اسفند یار فرخ اور متعدد دیگر کاروباری رہنماں نے ایس ایم ای سیکٹر کو درکار سہولتوں کی نشاندہی کی۔ سمیڈا کی جنرل منیجر نادیہ (بقیہ نمبر 52)

لاہور، صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عید کی آمد آمد، ریلوے کی بکنگ مکمل، مسافروں کو پریشانی کا سامنا

پشاور، لاہور اور کوئٹہ جانے والی تمام ٹرینوں کی عید تک 100 فیصد بکنگ مکمل ہوگئی ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) عید کی آمد کے پیش نظر پردیسیوں کی اپنے آبائی علاقوں میں واپسی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ریلوے کی پشاور، لاہور اور کوئٹہ جانے والی تمام ٹرینوں کی عید تک 100 فیصد بکنگ مکمل ہوگئی، سیٹوں کی بکنگ نہ ہونے کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عید کے موقع پر ریلوے کی جانب سے مسافروں کی سہولت کے لیے 4 اسپیشل ٹرینیں بھی چلائی گئی ہیں، کراچی سے لاہور سے جانے والی عید اسپیشل ٹرینوں کی بھی (بقیہ نمبر 49)

لیسکو شیخوپورہ سب ڈویژن کا کریک ڈاؤن، درجنوں بجلی چور پکڑے گئے

ایک سابق رکن اسمبلی اور ایک سابق رکن اسمبلی کا بیٹا بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی شیخوپورہ روڈ سب ڈویژن نے بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے ایک سابق رکن اسمبلی اور ایک سابق رکن اسمبلی کے بیٹے سمیت درجنوں ملزمان کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا۔ ایس ڈی او شیخوپورہ روڈ نے پولیس کی مدد سے اپنے سٹاف کے ہمراہ ڈیرہ قریشیاں، رضا آباد، نوری بوری اور عبدخیر کے علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ دوران آپریشن پی ٹی آئی کے سابق رکن پنجاب اسمبلی اور سابق رکن اسمبلی کے بیٹے سمیت درجنوں ملزمان کو بجلی چوری کرتے پکڑ لیا۔ لیسکو ترجمان کے مطابق ایک سابق رکن اسمبلی اور ایک سابق رکن اسمبلی کا بیٹا لیسکو کی (بقیہ نمبر 48)

Management Center
Specialized Health care & Medical Education Department

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سروسز انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر زہرہ سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

یوٹیلٹی سٹورز ملازمین کے ہڑتال، مظاہروں، احتجاج پر پابندی عائد

اس فیصلے کا مقصد یوٹیلٹی اسٹورز پر شہریوں کو اشیا کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا ہے

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے یوٹیلٹی اسٹورز ملازمین کے ہڑتال، مظاہروں اور احتجاج پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے یوٹیلٹی اسٹورز میں 6 ماہ کے لئے لازمی سروس ایکٹ نافذ کردیا گیا ہے۔ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد لازمی سروس ایکٹ کا اطلاق (بقیہ نمبر35)

تھانوں کی مرضی کے بغیر جرم نہیں پنپ سکتا، حافظ نعیم الرحمن

ہم اپنے بازاروں میں اور محلوں میں نوجوانوں کو اسلحہ دیں گے اور اپنا تحفظ پھر خود کریں گے

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ تھانوں کی مرضی کے بغیر جرم نہیں پنپ سکتا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی اچھا اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) بھی ہو تھانے میں تو وہ بھی کچھ نہیں کرسکتا اس لیے کہ یہ پور (بقیہ نمبر 36)

ویلفیئر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب اور
چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے زیر اہتمام
تقسیم تحائف بسلسلہ عیدالفطر 2024

لاہور، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئی پی ایچ کی اپ گریڈیشن پر 39 کروڑ خرچ کئے جا رہے ہیں، زرفشاں طاہر

لاہور (این این آئی) ڈین انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ پروفیسر ڈاکٹر زرفشاں طاہر نے انسٹیٹیوٹ کی عمارتوں کی رینوویشن کے کام کا جائزہ لینے کیلئے فیکلٹی ممبرز کے ہمراہ سائٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔ ڈاکٹر زرفشاں کا کہنا تھا کہ منصوبہ پر فاسٹ ٹریک پر کام جاری ہے اور امید ہے کہ وقت مقررہ سے پہلے مکمل کرلیا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ پرانی عمارتوں کی رینوویشن اور نئے آلات کی خریداری پر مجموعی لاگت کا تخمینہ 39 کروڑ ہے جس میں عمارتوں کی بحالی، ریپئر اینڈ مینٹیننس پر 22 کروڑ خرچ ہوں گے جس میں آڈیٹوریم سمیت سات عمارات شامل ہیں۔ انسٹیٹیوٹ میں بیماریوں کا تجزیہ (بقیہ نمبر 37)

پاکستان ریفائنری لمیٹڈ اوگرا کے ساتھ توسیعی معاہدے پر دستخط کریگا

کراچی (این این آئی) پاکستان ریفائنری لمیٹڈ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے ساتھ جلد ہی توسیعی معاہدہ پر دستخط کرے گا۔ اس معاہدے سے پی آر ایل کے موجودہ منصوبہ کی اپ گریڈیشن اور توسیع کی راہ ہموار ہوگی جس سے پی آر ایل کی ریفائننگ کی صلاحیت 50,000 بیرل یومیہ سے بڑھ کر 100,000 بیرل یومیہ ہو جائے گی۔ منصوبہ سے پی آر ایل یورو فائیو معیار کا (بقیہ نمبر 38)

فلسطینی ریاست کا قیام اقوام متحدہ کے ذریعے نہیں کیا جانا چاہیے، امریکہ

یہ وہ چیز ہے جو فریقین کے درمیان براہ راست مذاکرات کے نتیجے میں ہونی چاہیے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ نے فلسطینی اتھارٹی کی طرف سے اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت حاصل کرنے کی تازہ کوشش کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطینی ریاست کا فیصلہ اقوام متحدہ کے ذریعے نہیں کیا جانا چاہیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی دفتر خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا کہ ہم ایک آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے حامی ہیں مگر اس کے بارے میں فیصلہ اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کے بعد ہونا چاہیے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ یہ وہ چیز ہے جو فریقین کے درمیان براہ راست مذاکرات کے نتیجے میں ہونی چاہیے۔ ہم اس وقت جس چیز کو آگے بڑھانا چاہ رہے ہیں وہ اقوام متحدہ کے ذریعے نہیں ہونی چاہیے۔ تاہم امریکی ترجمان نے اس موقع پر یہ نہیں کہا کہ اگر ایسی کوئی قرارداد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں سامنے آئی تو امریکہ اسے ویٹو کر دے گا۔ (بقیہ نمبر 40)

جے ایس بینک نے 500 ارب روپے ڈپازٹس کا سنگ میل عبور کرلیا

کراچی (این این آئی) جے ایس بینک نے ڈپازٹس میں 500 ارب روپے سے زائد کا سنگ میل عبور کرلیا۔ یہ کامیابی سال 2023 کی شاندار اور مضبوط کارکردگی کا نتیجہ ہے جس میں بینک نے 8.5 ارب روپے کے قبل از ٹیکس منافع حاصل کیا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں چار گنا زیادہ ہے۔ جے ایس بینک کے ڈپازٹس 2023 میں 486 ارب روپے جبکہ مجموعی اثاثے 589 ارب روپے رہے۔ جے ایس بینک نے جہاں اپنی (بقیہ نمبر 39)

لاہور، محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے محکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

شہریوں کی حفاظت کیلئے مارکیٹوں میں 2 ہزار سے زائد کیمروں کی تنصیب

نئے کیمروں کے اضافے سے اہم مارکیٹوں۔ بازاروں کی سکیورٹی و مانیٹرنگ کا عمل مزید تندہی سے سرانجام پائے گا

تمام سی سی ٹی وی کیمرے ضلعی سیف سٹی کنٹرول رومز سے منسلک، جرائم پیشہ عناصر کو ٹریس کرنے میں مدد ملے گی، آئی جی

لاہور (این این آئی) عیدالفطر کے موقع پر شاپنگ میں مصروف شہریوں کی حفاظت کیلئے مارکیٹوں میں 2 ہزار سے زائد سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کردی گئی۔ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا محفوظ پنجاب کا خواب تکمیل کی جانب گامزن ہے جس کے پیش نظر پنجاب پولیس عیدالفطر کی شاپنگ میں مصروف شہریوں کی حفاظت کیلئے پرعزم ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق مصروف مارکیٹوں میں 2 ہزار سے زائد سی سی ٹی وی کیمرے نصب کر (بقیہ نمبر 41)

کراچی میں راہ چلتی خاتون کو ہراساں کرنے کا ایک اور واقعہ

ملزم کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کرلیا گیا ہے، ترجمان ایس ایس پی کیماڑی

کراچی (این این آئی) کراچی میں راہ چلتی خاتون کو ہراساں کرنے کا ایک اور واقعہ سامنے آ گیا۔ کراچی کے علاقے پرانا گولیمار میں ایک شخص نے باپردہ راہ چلتی خاتون کو جنسی طور پر ہراساں کیا۔ خاتون کے مزاحمت کرنے پر ملزم فرار ہوگیا۔ واقعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ نقاب پوش خاتون سنسان گلی سے گزر رہی ہیں کہ اچانک عقب سے ایک شخص بھاگتا ہوا آیا اور 42 (بقیہ نمبر42)

لاہور، ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال انسٹی ٹیوٹ آف سپورٹس سائنسز پنجاب کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، نالہ متاثرین کیس، کنسٹرکشن کے تخمینے پر رپورٹ طلب، تحریری حکم نامہ

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ کراچی رجسٹری نے گجر، اورنگی اور محمود آباد نالہ متاثرین کو معاوضے اور متبادل پلاٹ کی فراہمی کے کیس میں کنسٹرکشن کے تخمینے سے متعلق رپورٹ طلب کر لی۔ سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں گجر، اورنگی اور محمود آباد نالہ متاثرین کو معاوضے اور متبادل پلاٹ کی فراہمی کے کیس پر سماعت ہوئی۔ سپریم کورٹ کراچی رجسٹری نے گزشتہ روز کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے کے (بقیہ نمبر 43)

رن وے کو مرمتی کام کی وجہ سے سیالکوٹ ایئرپورٹ کو 13 کیلئے بند کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سیالکوٹ ایئرپورٹ کو 13 کے لئے بند کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا اور تمام مسافروں کو فلائٹ شیڈول سے متعلق اپنی ایئرلائنز سے رابطہ کرنے کی ہدایات کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے رن وے کو مرمتی کام کی وجہ سے تیرہ روز کے لئے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بذریعہ نوٹم ملکی و غیر ملکی ایئرلائنز کو آگاہ کردیا ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بتایا کہ سیالکوٹ ایئرپورٹ چھ مئی سے اٹھارہ مئی تک بند رہے گا، تمام مسافروں کو فلائٹ شیڈول سے متعلق اپنی ایئرلائنز سے رابطہ کرنے (بقیہ نمبر 44)

کپاس کی پیداوار مقررہ ہدف کے مقابلے میں 32 فیصد کم

سندھ میں پیداوار ہدف کے مقابلے میں ایک لاکھ 14 ہزار گانٹھ زائد رہی، احسان الحق

کراچی (این این آئی) کاٹن ایئر 2023-24 کے دوران ملک میں کپاس کی 71 فیصد کے اضافے سے 83 لاکھ 97 ہزار گانٹھوں کی پیداوار ہوئی ہے۔ پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق سال 2023-24 کے دوران ملک بھر کی جننگ فیکٹریوں میں اگرچہ 71 فیصد کے اضافے سے مجموعی طور پر 83 لاکھ 97 ہزار روئی گا (بقیہ نمبر 46)

پشاور، چینی کمپنی کا مقامی کمیونٹی کے لیے افطار و ڈنر کا اہتمام

پشاور (این این آئی) چینی فوٹو وولٹک کمپنی لونگی سولر نے پشاور میں مقامی کمیونٹی کے لیے افطار اور ڈنر کا اہتمام کیا۔ گوادر پرو کے مطابق کمپنی نیا اپنے آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر افطار ڈنر کی جھلکیاں شیئر کیں۔ گوادر پرو کے مطابق تقریب میں مختلف عمر کے 250 افراد نے شرکت کی۔ انہیں افطار میں سافٹ ڈرنکس کے ساتھ سموسے اور پکوڑے پیش کیے گئے۔ افطار کے بعد شرکاء کو پلاؤ بکس (بقیہ نمبر 45)

دھاتی ڈور و پتنگ بازوں کی روک تھام کیلئے پولیس کی خصوصی مہم جاری

پتنگ بازی ایکٹ کے تحت 20 ملزمان گرفتار، 1346 پتنگیں اور 48 چرخیاں برآمد

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر دھاتی ڈور و پتنگ بازوں کی روک تھام کیلئے پنجاب پولیس کی خصوصی مہم صوبہ بھر میں جاری ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کی تیاری، خرید و فروخت اور استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت کریک ڈاؤن میں تیزی لائی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے (بقیہ نمبر 47)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

لاہور، سیکرٹری سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز پنجاب مظفر خان سیال سپورٹس کے نئے منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں